جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل ایجوکیشن کا قیام ،جامعہ میں انسٹیٹیوٹس کی کل تعداد 9 ہوگئی ہے ۔ وائس چانسلر پروفیسر سید محمد طارق رفیع

24 مئی 2019، جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی، ریلیز برائے میڈیا

جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی میں انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل ایجوکیشن کے قیام کے بعدجامعہ میں انسٹیٹیوٹس کی کل تعداد 9ہوگئی ہے ۔ ان خیالات کا اظہار وائس چانسلر جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر۔سید محمد طارق رفیع نے صحافیوں کو دیے گئے سالانہ افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ ان کا کہنا تھا کہ 2012سے لے کر اب تک 7سال کی قلیل مدت میں یونیورسٹی اس مقام تک پہنچی ہے کہ آج جے ایس ایم یو میں 9انسٹیٹیوٹس کام کررہے ہیں ۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ایم فل پروگرام ملک میں پیتھولوجسٹس کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ ملک میں قابل پیتھولوجسٹس کام کریں اور ہمارا مشن صوبہ سندھ کی صحت عامہ کے شعبے میں ترقی کا ہے اس ضمن میں ہم قابل ہیلتھ کیئر پروفیشنلز تیار کرنے میں ہر ممکن تعاون کرنے کو تیار ہیں ۔ وائس چانسلر نے بتایا کہ اس وقت جے ایس ایم یو میں انسٹیٹیوٹ آف فزیکل تھراپی اور ری ہیبی لی ٹیشن اور کالج آف نرسنگ پہلے ہی اپنا کام

شروع کررہے ہیں جبکہ انسٹیٹیوٹ آف فیملی میڈیسن بھی جلد اپنا کام شروع کرنے والا ہے ۔ علاوہ ازیں جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کا ڈینٹل کا شعبہ اور ڈائیگناسٹک لائبریری بھی عوام الناس کی خدمت میں مصروف ہے ۔ جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی کے اگلے پانچ سال کے منصوبے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر۔طارق رفیع کا کہنا تھا کہ ہم حکومت سندھ کی ہدایات کے مطابق ننگر پارکر اور ڈیپلو ضلع کودرپیش صحت کے مسائل کے حل کا منصوبہ تیار کرچکے ہیں اور اس سلسلے میں جے ایس ایم یو کی ٹیم ان علاقوں کا دورہ بھی کرچکی ہے ۔

مزید معلومات کے لیے :پبلک ریلیشنز آفس ،جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی،فون:02199205185 ،ایکسٹینشن، 1076